1/20175

Roll No............................................

**BUMS 2nd YEAR SUPPLEMENTARY EXAMINATION - 2017**

**BUM201: Tareekhe Tib**

*Time: 3 hours* *Max. marks : 75*

*Note: Attempt all questions. All parts of a question must be attempted in continuation.*

**SECTION-A (20 marks)**

**Attempt all questions (Multiple Choice Questions) (10 Questions x 1 mark = 10 marks)**

نوٹ ۔ اس سیکشن میں سے دس سوالات حل کرنا ہیں۔ سبھی سوالات ۱ نمبر کے ہیں۔

سوال نمبر۱۔ اسقلی بوس اپنے ہاتھ میں کس درخت کی لکڑی رکھتا تھا۔

(۱) خطمی (۲) خبازی (۳) توت (۴) آبنوس

سوال نمبر۲۔ پانچ عناصر کا نظریہ کس طب سے تعلق رکھتا ہے۔

(۱) یونانی (۲) چینی (۳) ہندی (۴) عبرانی

سوال نمبر۳۔ کس طبیب کا تعلق عہد نبوی سے ہے۔

(۱) خالد بن یذید (۲) حارث بن کلدہ (۳) جابر بن حیان (۴) ابو سہل مسیحی

سوال نمبر۴۔ دریائے دجلہ وفرات کے درمیان کون سی طب نے فروغ پایا۔

(۱) یونانی طب (۲) رومی طب (۳) مصری طب (۴) بابلی طب

سوال نمبر۵۔ کون سا طبیب ابن نفیس کے نام سے مشہور ہوا۔

(۱) ابن بطلان (۲) علاءالدین قرشی (۳) برہان الدین نفیس (۴) ان میں سے کوئی نہیں۔

سوال نمبر۶۔ ''ہرمس'' کو مسلمان کس نام سے پکارتے ہیں۔

(۱) حضرت ادریس علیہ السلام (۲) حضرت آدم علیہ السلام (۳) حضرت عیسیٰ (۴) حضرت موسیٰ

سوال نمبر۷۔ زمین کو صاف رکھنے کی غرض سے مردوں کو دفن کرنے کا رواج کہاں نہیں تھا۔

(۱) یونان میں (۲) ایران میں (۳) چین میں (۴) مصر میں

سوال نمبر۸۔ کس نے کہا تھا کہ اگر ''کامل الصناعۃ'' میری نظر سے گذری ہوتی تو مجھے 'القانون' لکھنے کی ضرورت ہی پیش نہ آتی۔

(۱) ربن طبری (۲) مجوسی (۳) ابن سینا (۴) ابن رشد

سوال نمبر۹۔ روشنی کے انعکاس Reflection اور انعطاف Refrection کا مشاہدہ کس نے کیا۔

(۱) ابن زہر (۲) ابن رشد (۳) ابن جزلہ (۴) ابن ہیثم

سوال نمبر۱۰۔ کس طبیب نے ''اسرول'' پر تحقیق کروائی۔

(۱) حکیم شریف خاں (۲) حکیم عبدالعزیز (۳) حکیم اجمل خاں (۴) حکیم عبدالمجید

حصہ ب سے ۵ سوال حل کرنا ہیں۔ جوابات ۲۰ الفاظ سے زیادہ نہ ہوں سبھی سوالات ۲ نمبر کے ہیں۔

**SECTION -B**

سوال نمبر۱۔ چرک سمہتا کتنے حصوں پر مشتمل ہے؟ انکے نام لکھیے۔

02/2017ء

سوال نمبر۲۔ عربی طب کے پانچ مشہور اطباء کے نام اور ان کی تصانیف پر روشنی ڈالئے۔

سوال نمبر۳۔ عہد عباسیہ کے پانچ نامور مترجم اطباء کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر۴۔ ابن سینا کی پانچ مشہور تصانیف کے نام لکھئے۔

سوال نمبر۵۔ جالینوس کے پانچ اقوال تحریر کیجئے۔

## SECTION -C

نوٹ : اس سیکشن کے سبھی سوالات حل کیجئے جواب ۱۰۰ الفاظ سے زیادہ نہ ہوں ہر سوال ۵ نمبر کا ہے۔

سوال نمبر۱۔ عہد نامہ بقراطیہ کا متن تحریر کیجئے۔

سوال نمبر۲۔ مدرسہ اسکندریہ پر مختصر نوٹ لکھئے۔

سوال نمبر۳۔ کسی ایک قرابادین پر اپنی معلومات تحریر کیجئے۔

سوال نمبر۴۔ ابوالقاسم زہراوی کے کارنامے قلمبند کیجئے۔

## SECTION -D

نوٹ : اس سیکشن کے سبھی سوالات حل کیجئے جواب ۳۰۰ الفاظ سے زیادہ نہ ہوں ہر سوال ۱۰ نمبر کا ہے۔

سوال نمبر۱۔ جابر بن حیان کی علمی تحقیقات پر روشنی ڈالئے۔

سوال نمبر۲۔ طب یونانی کے نظریات اور طریقہ علاج پر اپنی معلومات قلمبند کیجئے۔

سوال نمبر۳۔ حکیم عبدالحمید صاحب کا تعارف اور ہندوستان میں طب یونانی کی بقاء میں آپ کے کردار پر روشنی ڈالئے۔